E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com...... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | اتوار 4 اکتوبر 2026ء/ 21 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 235

حکومت اور اپوزیشن کے مذاکراتی عمل میں اتار چڑھاؤ کے کئی مواقع خوشگوار ماحول میں بدلتے رہے

اسپیکر کی کوششوں سے فریقین کا مذاکراتی عمل کو جاری رکھنے پر اتفاق

اسپیکر قومی اسمبلی نے دونوں فریقوں کو مذاکراتی میز پر برقرار رکھنے کے لیے کردار ادا کیا، ایاز صادق کی مداخلت سے مذاکراتی عمل میں تعطل کا امکان ٹل گیا

دونوں فریقوں میں سے کسی کو بھی مذاکرات سے واک آؤٹ نہیں کرنے دیا گیا، انہوں نے فریقین کے تحفظات سنے، بات چیت جاری رکھنے پر آمادہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی جس کے مطابق مذاکراتی عمل میں اتار چڑھاؤ کے کئی مواقع خوشگوار ماحول میں بدلتے رہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت اپوزیشن مذاکرات کے دوران بعض مواقع پر صورتحال کو خراب ہونے سے بچایا جاتا رہا، مذاکراتی عمل میں بعض نکات پر دونوں فریقوں کے درمیان اختلاف رائے سامنے آیا، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کشیدہ صورتحال میں مثبت اور موثر کردار ادا کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے دونوں فریقوں کو مذاکراتی میز پر برقرار رکھنے کے لیے کردار ادا کیا، ایاز صادق کی مداخلت سے مذاکراتی عمل میں تعطل کا امکان ٹل گیا، دونوں فریقوں میں سے کسی کو بھی مذاکرات سے واک آؤٹ نہیں کرنے دیا گیا، انہوں نے فریقین کے تحفظات سنے، بات چیت جاری رکھنے پر آمادہ کیا۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کے دوران (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم ووزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کررہی ہیں

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی ملاقات،

پاکستان۔برطانیہ تعلقات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے خطے میں تناؤ کم کرنے کی کوششوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بات چیت اور سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کا واحد قابل عمل طریقہ ہے۔ ہفتہ کو ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے یہ بات برطانوی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

ہمیں سوچنا ہوگا کہ قیام پاکستان سے اب تک آئین پر کس حد تک عملدرآمد ہوا اور کیا جمہوریت کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچ پا رہے ہیں، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان

بلدیاتی نظام کو مؤثر اور بااختیار بنانا ہوگا

جمہوری نظام کا مقصد صرف انتخابات کا انعقاد نہیں بلکہ عوام کو اختیارات اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی ہے، اس لیے اس امر کا جائزہ لینا ضروری ہے کہ عام شہری کو جمہوریت سے کیا فائدہ پہنچ رہا ہے

آئین کے ابتدائی حصے میں واضح کیا گیا ہے کہ انتظامی اختیار منتخب نمائندوں کے ذریعے استعمال ہونا چاہیے تاہم یہ سوال بھی اہم ہے کہ منتخب نمائندہ صرف وزیراعظم یا وزیراعلیٰ ہے یا نچلی سطح پر موجود منتخب بلدیاتی نمائندہ بھی اس کا حصہ ہے

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ جمہوریت کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں یا نہیں، اس کا جائزہ لینا ہوگا، آئین میں اختیارات منتخب نمائندوں کو دینے کی بات واضح ہے، بلدیاتی نظام کو موثر اور بااختیار بنانا ہوگا۔ انہوں نے لاہور میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں سوچنا ہوگا کہ قیام پاکستان سے اب تک آئین پر کس حد تک عملدرآمد ہوا اور کیا جمہوریت کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچ پا رہے ہیں۔ جمہوری نظام کا مقصد صرف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)



لاہور: پی جی ایم آئی اکیڈمک کونسل کے اجلاس میں فیکلٹی پروفیسر ندرت سہیل کو یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

سیاسی جماعتوں سے امید نہیں رہی، اصلاح نہ ہوئی تو کارکن باہر آئیں گے، سعد رفیق

معاشرے کو بیدار کرنے کے لیے مختلف آوازوں کو ایک جگہ اکٹھا کرنا ہوگا، فی الحال نئی سیاسی جماعتیں بنانے کی ضرورت نہیں،

ایک دوسرے پر الزامات اور طعنے دینے کا سلسلہ بند کرنا ہوگا، چاپلوسی پیدا کرنا بھی بند کرنا چاہیے، سابق وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں سے اب امید نہیں رہی، اگر انہوں نے اپنی اصلاح نہ کی تو پھر کارکن باہر آئیں گے تاہم یہ معلوم نہیں کہ ان کی سربراہی کون کرے گا۔ انہوں نے لاہور میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی، ایک دوسرے پر الزامات اور طعنے دینے کا سلسلہ بند کرنا ہوگا جبکہ جماعتوں کو چاپلوسی پیدا کرنا بھی بند کرنا چاہیے۔ ان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

سرپلس 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کا طریقہ کار طے

چینی کی برآمد ایل سی ایٹ سائٹ یا ایڈوانس پیمنٹ پر ہوگی، وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک سے سرپلس 2 لاکھ ٹن چینی برآمد کا طریقہ کار طے کرلیا۔ وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی نے چینی کی برآمد سے متعلق فیصلوں پر اسٹیٹ بینک کو مراسلہ تحریر کرتے ہوئے کہا ہے کہ چینی برآمد پر پیمنٹ کی کوئی ڈیڈ لائن نہیں ہوگی۔ مراسلے میں کہا گیا کہ چینی کی برآمد ایل سی ایٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)



لاہور: وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

احمد یار، الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام 20 مستحق معذور افراد میں وہیل چیئر تقسیم

احمد یار (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام 20 مستحق معذور افراد میں وہیل چیئر تقسیم کی تقریب دفتر جماعت اسلامی 40 ایچ بلاک میں انعقاد پذیر ہوئی تقریب میں ضلعی صدر الخدمت فاؤنڈیشن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

زیادتی کا شکار 22 سالہ ڈیانا نے وطن واپس جانے سے انکار کردیا

بعد ازاں محسن نے انھیں چھونے کی کوشش کی اور الگ کمرے میں بند کردیا

لاہور (این این آئی) ایئرپورٹ ذرائع نے کہا ہے کہ اجتماعی زیادتی کی شکار آذربائیجان کی خاتون مسافر ڈیانا نے وطن واپس جانے سے انکار کر دیا ہے۔ لاہور ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی اداروں نے آذربائیجان کی خاتون مسافر 22 سالہ ڈیانا روبک قربی بانچیوا کو ایئرپورٹ لاؤنج میں لے کر آئے تھے۔

ملکی نظام فلاپ ہو چکا، گزشتہ 30 سال میں حالات بد سے بدتر ہوئے ہیں، محمد زبیر

ملک کو نئے نعروں یا انتظامی تقسیم سے زیادہ بہتر حکمرانی، جوابدہی اور معاشی پالیسیوں کے تسلسل کی ضرورت ہے۔

جب تک نااہلی اور ناقص حکمرانی کے ذمہ دار افراد کا احتساب نہیں کیا جائے گا، نظام موثر طور پر نہیں چل سکے گا، سابق گورنر سندھ

لاہور (این این آئی) سابق گورنر سندھ محمد زبیر نے کہا ہے کہ ملکی نظام فلاپ ہو چکا، گزشتہ 30 سال میں حالات بد سے بدتر ہوئے ہیں، صوبوں کی تعداد بڑھانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے، اصل مسئلہ نااہلی ہے، جب تک نااہلی اور ناقص حکمرانی کے ذمہ دار افراد کا احتساب نہیں کیا جائے گا، نظام موثر طور پر نہیں چل سکے گا۔ انہوں نے لاہور میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کا نظام بالکل فلاپ ہو چکا ہے تاہم اس کا اندازہ ہمیں اس وقت ہوا جب محسن نقوی نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے "ڈرگ فری پنجاب" ویژن پر عملدرآمد جاری

آئی جی پنجاب عبدالکریم کا منشیات کے بڑے ڈیلرز اور سمگلرز کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا حکم

رواں سال 39 ہزار 311 منشیات فروش گرفتار، 40 ہزار سے زائد مقدمات درج، بھاری مقدار میں منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "ڈرگ فری پنجاب" ویژن کے تحت پنجاب پولیس کی جانب سے صوبہ بھر میں منشیات فروشوں، بڑے ڈیلرز اور سمگلرز کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے منشیات کے بڑے ڈیلرز، سمگلرز اور سپلائی چین میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

لاہور کے آزادی اسٹیشن پر دو میٹرو بسیں آپس میں ٹکرا گئیں، 10 مسافر زخمی

واقعے کی انکوائری جاری ہے، قصوروار ڈرائیور کو معطل کیا جائے گا، جی ایم آپریشنز

لاہور (این این آئی) لاہور کے آزادی اسٹیشن پر دو میٹرو بسیں آپس میں ٹکرا گئیں، حادثے میں دس مسافر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو کے مطابق حادثہ شاہدرہ کے قریب آزادی اسٹیشن پر پیش آیا، جہاں دو میٹرو بسیں آپس میں ٹکرا گئیں، حادثے میں دس مسافر زخمی ہوئے، جن میں سے 8 کو معمولی چوٹیں آئیں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

لاہور، منشیات فروشی میں ملوث حاضر سروس پولیس کانسٹیبل گرفتار

قانون سب کے لیے برابر ہے اور پولیس اہلکاروں کا بھی احتساب جاری ہے۔

لاہور (این این آئی) داتا دربار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں مبینہ طور پر ملوث حاضر سروس پولیس کانسٹیبل کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق گرفتار اہلکار کی شناخت شاہد علی کے نام سے ہوئی ہے، پولیس نے ملزم کے قبضے سے 2 کلو 500 گرام چرس برآمد کی ہے۔ ترجمان کے مطابق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ کررہے ہیں

آتشزدگی کے واقعات روکنے سے متعلق درخواست 6 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں آتشزدگی کے واقعات کی روک تھام سے متعلق درخواست 6 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر کردی گئی۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ عالیہ نیلم جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی درخواست پر سماعت کریں گی۔



فیصل آباد: ریجنل پولیس آفیسر سہیل اختر سکھیرا کے اعزاز میں پریس کلب میں الوداعیہ تقریب کے بعد آر پی او، صدر ... کا گروپ فوٹو

باغبانپورہ پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چور گینگ کے 2 ملزمان گرفتار

شہر بھر میں متحرک موٹر سائیکل چوروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی ہدایت پر شہر بھر میں موٹر سائیکل چوروں کے خلاف کارروائیاں تیز کردی گئیں۔ باغبانپورہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو رکنی توقیر موٹر سائیکل چور گینگ کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت گینگ کے سرغنہ توقیر اور عمر کے نام سے ہوئی ہے۔

آر پی او سہیل اختر سکھیرا کے اعزاز میں فیصل آباد پریس کلب میں الوداعی تقریب

محکمہ پولیس کو سہیل اختر سکھیرا کی خدمات کی کمی محسوس ہوگی، وہ ہمیشہ پولیس کے پیچھے ایک مضبوط دیوار کی طرح کھڑے رہے، تنویر حسین

سہیل اختر سکھیرا کی فیصل آباد ریجن میں خدمات اور عوامی مسائل کے حل کے لیے کاوشیں قابل ذکر ہیں، شاہد علی، بلال ڈوگر

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد سے سرگودھا ریجن ٹرانسفر ہونے والے ریجنل پولیس آفیسر سہیل اختر سکھیرا کے اعزاز میں فیصل آباد پریس کلب میں الوداعیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں سی پی او فیصل آباد تنویر حسین، سی ٹی او فیصل آباد ناصر جاوید رانا، پولیس افسران اور صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ گروپ لیڈر و سابق صدر شاہد علی، صدر محمد بلال ڈوگر، سیکرٹری شوکت علی ولو، سینئر نائب صدر میاں کاشف فرید اور دیگر عہدیداران نے آر پی او سہیل اختر سکھیرا کا استقبال کیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

یونین کونسل 155 کا نادرا آن لائن سسٹم دوبارہ بحال

عبداللہ سیالوی کو تین ماہ کیلئے ایڈیشنل چارج ملنے کے بعد سرٹیفکیٹس کا اجرا شروع ہوگیا



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق کونسلر میونسپل کارپوریشن فیصل آباد محمد ارشد انصاری، سابق یونین ناظم حاجی شیخ انوار اور سابق نائب ناظم رانا شاہد علی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ذوالفقار علی ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ نے تین ہفتے بعد دوبارہ محمد عبداللہ سیالوی یونین کونسل 154 گوبند (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

چکوال میں موبائل پولیس اسٹیشن بلیو وین سروس کا آغاز

بلیو وین میں سینئر اسٹیشن اسسٹنٹ، آئی ٹی آپریٹرز، ڈیجیٹل ڈیٹا بیس اور آن لائن اندراجات سے متعلق امور کی نگرانی کریں گے

موبائل پولیس سٹیشن کا مقصد شہریوں کو پولیس سروسز تک آسان رسائی فراہم کرنا اور عوام دوست پولیسنگ کو فروغ دینا ہے، حکام

چکوال (این این آئی) شہریوں کو پولیس سے متعلق خدمات کی فراہمی آسان، تیز رفتار اور موثر بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ چکوال میں موبائل پولیس اسٹیشن بلیو وین سروس کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے بلیو وین سروس کا افتتاح کیا اور وین کا معائنہ کرتے ہوئے شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ موبائل پولیس اسٹیشن وین کے ذریعے پولیس سے متعلق مختلف خدمات شہریوں کو ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی۔ اس سروس (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)



راولپنڈی: ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز اپ اسکیم صدر حسین کو ریٹائرمنٹ کے موقع پر اعزازی شیلڈ پیش کررہے ہیں

پنجاب بھر میں 1489 ٹریفک حادثات میں 08 افراد جاں بحق، 1731 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1489 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 750 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)



لاہور، صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

علامہ محمد اقبالؒ کے فرزند جسٹس (ر) جاوید اقبال کی گیارہویں برسی پر محفل قرآن خوانی کا انعقاد

لاہور (این این آئی) علامہ محمد اقبالؒ کے فرزند، کارکن تحریک پاکستان و سابق چیئرمین تحریک پاکستان ورکرز ٹرسٹ جسٹس (ر) جاوید اقبال کی گیارہویں برسی کے موقع پر ان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ایوان کارکنان تحریک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

پنجاب کی اپنی سڑکیں 80 ہزار کلومیٹر ہیں، 50 ہزار سڑکیں بنا چکے ہیں، عظمیٰ بخاری

جس شخص کو معلوم نہیں صوبوں میں این ایچ اے کے علاوہ اپنی سڑکیں بھی ہوتی ہیں، اسے کیا معلوم

خیبر پختونخواہ کے رہائشی ڈولیوں پر لٹکتے ہیں لیکن جعلی ارسطو کو شرمندگی نہیں ہوتی، وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے مزمل اسلم کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ کے جعلی ارسطو کی عقل کا اندازہ لگائیں جس شخص کو یہ معلوم نہیں کہ صوبوں میں این ایچ اے کے علاوہ اپنی سڑکیں بھی ہوتی ہیں، ان کے صوبے میں نہیں ہیں اس لیے بیچارے کو معلوم نہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ لیکن مزے کی بات ہے جعلی ارسطو پتا دکھانا ضرور ہے لیکن بحال ہے۔

پاکستان کو حکومت، صنعت کے مشترکہ تعاون سے صنعتی تبدیلی کی طرف بڑھنا ہوگا

ٹیکسٹائل صنعت کو کم لاگت کے ساتھ ساتھ معیار، ٹیکنالوجی، ڈیزائن اور پائیداری کی بنیاد پر عالمی مقابلہ کرنا ہوگا

عالمی سپلائی چینز کی تبدیلی پاکستان کیلئے چیلنج کے ساتھ نئے مواقع بھی پیدا کررہی ہے، ہارون اختر خان

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ نیشنل انڈسٹریل پالیسی کی بنیاد پیداوار، سرمایہ کاری، پیداواری صلاحیت اور برآمدات پر رکھی جارہی ہے، ٹیرف کو معقول بنانے اور غیر ضروری ضوابط کے خاتمے کیلئے اقدامات اور ریگولیٹری گلوٹین کے ذریعے کاروباری شعبے کیلئے غیر ضروری قوانین اور ضوابط ختم کیے جارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن کی تقریب سے خطاب کرتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

ترقی اور عوامی سہولت کا فیصلہ دعوؤں سے نہیں، اعداد وشمار اور زمینی کام سے ہونا چاہیے

پنجاب میں روڈ انفراسٹرکچر کی ترقی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کا عملی ثبوت ہے، صوبائی وزیر تعمیرات

مزمل اسلم کو پنجاب آنے، ریکارڈ دیکھنے اور زمینی کام کا جائزہ لینے کی دعوت دیتا ہوں، پی ٹی آئی رہنما کے بیان پر ردعمل

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے مزمل اسلم کے ٹویٹ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی اور عوامی سہولت کا فیصلہ دعوؤں سے نہیں بلکہ اعداد وشمار اور زمینی کام سے ہونا چاہیے، پنجاب کے وسیع روڈ نیٹ ورک کی تمام تفصیلات سرکاری ریکارڈ پر موجود ہیں اس لیے اپنی معلومات درست کریں پنجاب کے روڈ نیٹ ورک کی تفصیلات ریکارڈ پر موجود ہیں۔ صوبائی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)



کراچی: سندھ کے وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر میں ساتویں سالانہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری، ریاستی ملکیتی اداروں سے متعلق 2023 کی پالیسی میں ترامیم کا فیصلہ

سرکاری اداروں کو انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈز پر عمل کرنا ہوگا، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کی ایک اور شرط پوری کرتے ہوئے ریاستی ملکیتی اداروں سے متعلق 2023 کی پالیسی میں اہم ترامیم کا فیصلہ کرلیا، جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ ترمیم شدہ پالیسی کے تحت تمام سرکاری اداروں کو انٹرنیشنل فنانشل رپورٹنگ اسٹینڈرڈز کے مطابق حساب کتاب رکھنے کا پابند قرار دیا گیا ہے۔

احمد یار، ناجائز تعلقات کے شبہ میں باپ بیٹے نے 40 سالہ شخص کو موت کے گھاٹ اتار دیا

احمد یار (این این آئی) تھانہ احمد یار کی حدود میں ناجائز تعلقات کے شبہ میں باپ بیٹے نے 40 سالہ شخص کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

منشیات فروشی میں ملوث پولیس اہلکار گرفتار

منشیات فروشی اور مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث اہلکاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی ہوگی۔

ملزم کے قبضے سے 2 کلو 500 گرام چرس برآمد

لاہور (این این آئی) داتا دربار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشی میں ملوث حاضر سروس کانسٹیبل شاہد علی کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق خفیہ اطلاع پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کیا۔ ملزم نے فروخت کے لیے چرس کے 3 پیکٹ اپنے قبضے میں رکھے ہوئے تھے۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے 2 کلو 500 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔

ڈی آئی جی اسلام آباد کی مختلف علاقوں میں کھلی کچہریاں

شہری کا جائز حق ہی اس کی سب سے بڑی سفارش ہے اور ہر معاملے میں میرٹ کو مقدم رکھا جائے گا۔ شکایات کے ازالے میں غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

کسی بھی شہری کیساتھ ناانصافی برداشت نہیں، ہر شکایت پر قانون و میرٹ کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے گی، علی وسیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ اور آئی جی اسلام آباد کی خصوصی ہدایات پر ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر جی 11، تھانہ بھارہ کہو، کھنہ، بنی گالہ، شہزاد ٹاؤن اور نیلور کی حدود میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

Scanned with CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ
پبلک
فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر پلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ مدن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

جمہوریت کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں یا نہیں، اس کا جائزہ لینا ہوگا

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ جمہوریت کے ثمرات عوام تک پہنچ رہے ہیں یا نہیں، اس کا جائزہ لینا ہوگا۔ آئین میں اختیارات منتخب نمائندوں کو دینے کی بات واضح ہے، بلدیاتی نظام کو موثر اور بااختیار بنانا ہوگا۔ انہوں نے لاہور میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں سوچنا ہوگا کہ قیام پاکستان سے اب تک آئین پر کس حد تک عملدرآمد ہوا اور کیا جمہوریت کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچ پا رہے ہیں۔ جمہوری نظام کا مقصد صرف انتخابات کا انعقاد نہیں بلکہ عوام کو اختیارات اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی ہے، اس لیے اس امر کا جائزہ لینا ضروری ہے کہ عام شہری کو جمہوریت سے کیا فائدہ پہنچ رہا ہے۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ آئین کے ابتدائی حصے میں واضح کیا گیا ہے کہ انتظامی اختیار منتخب نمائندوں کے ذریعے استعمال ہونا چاہیے تاہم یہ سوال بھی اہم ہے کہ منتخب نمائندہ صرف وزیراعظم یا وزیراعلیٰ ہے یا نچلی سطح پر موجود منتخب بلدیاتی نمائندہ بھی اس کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر گراس روٹ لیول پر منتخب بلدیاتی نمائندے موجود ہوں تو انتظامی ڈھانچے میں ڈپٹی سیکرٹری اور چیف سیکرٹری جیسے عہدوں کے کردار اور اختیارات کا ازسرنو جائزہ لینا ہوگا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ موجودہ انتظامی ڈھانچے کی بہت سی بنیادیں برطانوی دور سے چلی آ رہی ہیں، اس لیے وقت کے ساتھ ان کے کردار اور افادیت پر بھی غور ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آئین میں وفاق اور الیکشن کمیشن کے اختیارات اور طریقہ کار واضح طور پر بیان کیے گئے ہیں تو پھر مقامی سطح پر اختیارات اور نظام کے حوالے سے بات کرنا شجر ممنوعہ کیوں بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں لوڈشیڈنگ طویل عرصے سے عوام کا اہم مسئلہ بنی ہوئی ہے، ماضی میں 18، 18 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ختم ہونے کے باوجود آج بھی کئی علاقوں میں آٹھ، آٹھ گھنٹے بجلی کی بندش عوام کے لیے مسئلہ ہے۔ ایسے بنیادی مسائل کا حل مقامی حکومتوں کو موثر اور بااختیار بنانے سے بھی جڑا ہوا ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے موجودہ لوکل گورنمنٹ نظام پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو انتہائی کمزور اور مفلوج بلدیاتی نظام دیا گیا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ دیہات میں رہنے والے لوگوں کو جمہوریت کے ثمرات کس حد تک حاصل ہوئے ہیں اور جن لوگوں کے نام پر جمہوریت کا نظام قائم کیا جاتا ہے، کیا انہیں اس کے فوائد بھی مل رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ جمہوری نظام کی کامیابی کا اصل پیمانہ یہ ہونا چاہیے کہ اس کے ثمرات عام شہری، خصوصاً نچلی سطح پر رہنے والے لوگوں تک کس حد تک پہنچتے ہیں۔

عوام کی دہلیز سے بسنت کے میدان تک، سہولت کے ساتھ حفاظت بھی لازم
بسنت کی واپسی، روایت کی بحالی کے ساتھ ذمہ دار طرز حکمرانی کا امتحان

پنجاب میں عوامی سہولت، جدید طرز حکمرانی اور شہری زندگی میں روایتی رنگوں کی واپسی کے حوالے سے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے سامنے آنے والے دو اہم اقدامات اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ حکومت ایک طرف پولیسنگ اور سرکاری خدمات کو شہریوں کی دہلیز تک پہنچانے کی کوشش کر رہی ہے تو دوسری طرف لاہور کی تاریخی اور تہذیبی روایت سمجھی جانے والی بسنت کو دوبارہ ایک منظم انداز میں جاری رکھنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ ایک طرف 33 موبائل پولیس اسٹیشنز کا فعال ہونا ہے، جن میں چھ خواتین کے لیے مخصوص کیے گئے ہیں، اور دوسری طرف لاہور میں 29 جنوری سے 7 فروری 2027 تک دس روزہ بسنت منانے کی منظوری ہے، جس میں 5 فروری کو کشمیر ڈے کے احترام میں جشن کا وقفہ ہوگا۔

دونوں فیصلوں کو الگ الگ دیکھا جائے تو ان کی نوعیت مختلف ہے، لیکن ایک مشترک نکتہ نمایاں ہوتا ہے اور وہ ہے شہریوں کے لیے سہولت کے ساتھ انتظامی ذمہ داری۔ موبائل پولیس اسٹیشن کا بنیادی تصور یہی ہے کہ شہری کو ہر معمولی یا ضروری پولیس خدمت کے لیے دور دراز تھانے کا رخ نہ کرنا پڑے بلکہ جہاں لوگ موجود ہوں، وہاں پولیس کی مخصوص خدمات پہنچائی جائیں۔ دوسری جانب بسنت ایک ثقافتی اور سماجی سرگرمی ہے، مگر اس

تجزیہ بی این پی

کی نوعیت ایسی ہے کہ انتظامی غفلت یا غیر ذمہ دارانہ رویہ انسانی جانوں کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بسنت کی منظوری کے ساتھ اس کے محفوظ انعقاد کی ذمہ داری بھی حکومت، پولیس، ضلعی انتظامیہ اور شہریوں سب پر عائد ہوتی ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشنز کا منصوبہ اس اعتبار سے قابل توجہ ہے کہ ان وینز میں پولیس سے متعلق مختلف خدمات ایک ہی جگہ فراہم کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔

دستیاب معلومات کے مطابق صوبے کے مختلف اضلاع میں مجموعی طور پر 33 موبائل پولیس اسٹیشن فعال کیے جائیں گے، جن میں چھ خواتین سے متعلق امور کے لیے مخصوص ہوں گے۔ ہر وین میں سب انسپکٹر انچارج، فیلڈ سپروائزر، سینئر اسٹیشن اسسٹنٹ اور مرد و خواتین کانسٹیبل تعینات ہوں گے۔ یہ موبائل یونٹس یونیورسٹیوں اور گرلز کالجز میں شیڈول کے مطابق بھی جائیں گے جبکہ 15 پر موصول ہونے والی کالز کے ڈیٹا کی بنیاد پر ضرورت کے مطابق مختلف علاقوں میں بھیجے جا سکیں گے۔

ان موبائل پولیس اسٹیشنز میں ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست، آن لائن ای ٹیگنگ، گمشدگی کی رپورٹ، کریمنل ریکارڈ چیکنگ، کرایہ داروں اور ملازمین کے اندراج، پولیس اور کریکٹر سرٹیفکیٹس کی تصدیق سمیت متعدد خدمات کی فراہمی کا منصوبہ ہے۔ اسی طرح لرنرز ڈرائیونگ لائسنس، ڈرائیونگ لائسنس، تجدید، ڈپلیکیٹ اور انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ اس طرح اگر منصوبہ اپنی طے شدہ روح کے مطابق نافذ ہوتا ہے تو پولیسنگ کا روایتی تصور، جس میں شہری کو خدمت کے حصول کے لیے تھانے تک جانا پڑتا ہے، کسی حد تک عوامی رسائی پر مبنی نظام میں تبدیل ہو سکتا ہے۔ خواتین کے لیے مخصوص موبائل پولیس اسٹیشن اس منصوبے کا ایک اہم حصہ ہیں۔ گھریلو تشدد، ہراساں کیے جانے، خواتین اور بچوں کے خلاف بدسلوکی جیسے حساس معاملات میں بہت سی خواتین روایتی پولیس اسٹیشن جانے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتی ہیں۔ خاتون عملے کی موجودگی اور الگ سہولت اس رکاوٹ کو کم کرنے میں مددگار ہو سکتی ہے۔ پنجاب میں خواتین کے لیے ورچوئل پولیسنگ کی سہولیات بھی پہلے متعارف کرائی جا چکی ہیں، جنہیں 2026 میں عالمی سطح پر بھی اعزاز ملا۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق موبائل پولیس اسٹیشن کا اصل امتحان اس کے افتتاح یا گاڑیوں کی تعداد نہیں بلکہ اس وقت ہوگا جب کسی دور دراز علاقے کا شہری عملی طور پر وہاں پہنچ کر بروقت، باعزت اور شفاف انداز میں اپنی شکایت یا ضرورت کا حل حاصل کرے گا۔ اگر یہ یونٹس صرف نمائشی سرگرمیوں تک محدود نہ رہیں، ان کے شیڈول باقاعدگی سے جاری ہوں، عملہ جواب دہ ہو، ڈیجیٹل ریکارڈ درست رکھا جائے اور شہری کو بار بار مختلف دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں تو یہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی بحالی میں ایک مفید قدم ثابت ہو سکتا ہے۔ اسی تناظر میں لاہور میں دس روزہ بسنت کا فیصلہ ایک مختلف نوعیت کی انتظامی آزمائش سامنے لاتا ہے۔ حکومت نے اعلان کیا ہے کہ 2027 میں لاہور میں بسنت 29 جنوری سے 7 فروری تک جاری رہے گی، تاہم 5 فروری کو کشمیر ڈے کے باعث ایک روز جشن کا وقفہ ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اس سرگرمی کو پنجاب کے تہذیبی رنگ اور لاہور کی تاریخی روایت کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کا ذریعہ قرار دیا ہے اور ساتھ ہی گزشتہ تجربے سے بہتر حفاظتی اور شہری سہولیات کی ہدایت کی ہے۔

یہاں اصل سوال بسنت منانے یا نہ منانے سے زیادہ اس کے طریقہ کار کا ہے۔ لاہور میں بسنت ایک تاریخی تہذیبی روایت رہی ہے اور اس سے وابستہ یادیں شہر کی سماجی زندگی کا حصہ ہیں۔ تاہم پتنگ بازی کے ماضی کے تجربات میں خطرناک ڈور، موٹر سائیکل سواروں کے لیے حادثات، چھتوں سے گرنے کے واقعات، ہوائی فائرنگ اور دیگر غیر ذمہ دارانہ حرکات جیسے مسائل سامنے آتے رہے ہیں۔ اس لیے کسی بھی بڑے عوامی جشن کی کامیابی کا پیمانہ صرف یہ نہیں ہو سکتا کہ کتنے لوگ شریک ہوئے یا شہر کتنا روشن اور رنگین دکھائی دیا؛ اصل معیار یہ ہونا چاہیے کہ شہری کتنے محفوظ رہے۔

یہی وہ مقام ہے جہاں پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری غیر معمولی اہمیت اختیار کر جاتی ہے۔ دس روزہ سرگرمی کا مطلب یہ ہے کہ انتظامیہ کو صرف ایک دن کے لیے نہیں بلکہ مسلسل کئی روز تک سیکیورٹی، ٹریفک، ایمرجنسی رسپانس، ہسپتالوں، ریسکیو سروسز اور نگرانی کا مربوط نظام قائم رکھنا ہوگا۔ مختلف علاقوں میں چھتوں پر اجتماعات، سڑکوں پر موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کی آمد و رفت، پتنگوں اور ڈور کی فروخت، بڑے اجتماعات اور رات کے اوقات میں شہری سرگرمیوں کو الگ الگ زاویوں سے دیکھنا ہوگا۔ اس معاملے میں قوانین اور حفاظتی ضوابط کی واضح تشہیر بھی ضروری ہے۔

پنجاب حکومت اور ضلعی انتظامیہ ماضی میں بسنت کے حوالے سے محفوظ پتنگ بازی کے لیے مخصوص قواعد جاری کرتی رہی ہیں، جن میں خطرناک، کیمیکل یا دھاتی ڈور کے استعمال کی ممانعت اور بعض خطرناک سرگرمیوں پر پابندیاں شامل رہی ہیں۔ موجودہ دس روزہ پروگرام کے لیے بھی ضروری ہوگا کہ اجازت یافتہ سامان، ممنوعہ ڈور، پتنگ سازی و فروخت، چھتوں پر حفاظتی انتظامات اور خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی کے بارے میں شہریوں کو پہلے ہی واضح معلومات فراہم کی جائیں۔

بھارت میں اسلامی ورثے کو خطرات، ہندوتوا انتہا پسندی کے خلاف مؤثر آواز کی ضرورت

بھارت میں اسلامی عبادت گاہوں اور تاریخی مذہبی ورثے سے متعلق حالیہ واقعات نے ایک مرتبہ پھر مذہبی آزادی، اقلیتوں کے حقوق اور ریاستی ذمہ داریوں کے حوالے سے سنجیدہ سوالات اٹھا دیے ہیں۔ پاکستان نے بھارت میں اسلامی مقدس مقامات کی مسماری اور ان کے تشخص کو متاثر کرنے والی کارروائیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مذہبی مقامات کا تحفظ محض کسی ایک مذہب یا کمیونٹی کا مسئلہ نہیں بلکہ بنیادی انسانی حقوق، مذہبی آزادی اور تہذیبی ورثے کے احترام کا معاملہ ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے حالیہ بریفنگ میں کہا کہ پاکستان کے نزدیک اسلامی مقدس مقامات کی مسماری 1950ء کے لیاقت نہرو معاہدے میں اقلیتوں کے حقوق کے حوالے سے کیے گئے وعدوں اور بھارت کے اپنے 1991ء کے مقامات عبادت قانون سے متصادم ہے۔

یہ امر اپنی جگہ اہم ہے کہ بھارت کا 1991ء کا Places of Worship (Special Provisions) Act عبادت گاہوں کی مذہبی شناخت کو 15 اگست 1947ء کی حیثیت کے مطابق برقرار رکھنے کا اصول بیان کرتا ہے۔ قانون کی دفعہ 4 میں واضح کیا گیا ہے کہ کسی عبادت گاہ کی مذہبی حیثیت وہی برقرار رہنی چاہیے جو 15 اگست 1947ء کو تھی۔ اس قانونی اصول کا بنیادی مقصد ہی یہ تھا کہ ماضی کے مذہبی تنازعات کو مستقبل کی سماجی اور سیاسی

تجزیہ بی این پی

کشمکش کا ذریعہ نہ بنایا جائے اور عبادت گاہوں کے حوالے سے ایک مستقل قانونی تحفظ قائم رہے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق موجودہ صورت حال کو صرف انفرادی واقعات کی فہرست سمجھنا درست نہیں ہوگا۔ ہر واقعے کی اپنی قانونی اور انتظامی نوعیت ہے، اس لیے ضروری ہے کہ حقائق کو الگ الگ دیکھا جائے، لیکن جب مختلف ریاستوں میں مذہبی مقامات سے متعلق تنازعات، انہدام یا تعمیراتی کارروائیاں مسلسل عوامی بحث کا موضوع بنیں تو اس کے وسیع تر سماجی اثرات کو نظرانداز بھی نہیں کیا جا سکتا۔ مذہبی مقام کسی بھی برادری کے لیے محض اینٹوں، پتھروں اور دیواروں کا مجموعہ نہیں ہوتا بلکہ اس سے تاریخی یادداشت، عقیدہ، جذبات اور اجتماعی شناخت وابستہ ہوتی ہے۔

حالیہ دنوں میں مدھیہ پردیش کے شہر اجین کی شاہی مسجد کا معاملہ اسی تناظر میں خاص توجہ کا مرکز بنا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے سڑک کی توسیع کے منصوبے کے تحت مسجد کے ایک حصے کو ہٹانے کی کارروائی 2028ء کے سنگھستھ کمبھ میلے کی تیاریوں سے منسلک ہے۔ مدھیہ پردیش ہائی کورٹ نے بھی سڑک کی توسیع کے لیے مسجد کے ایک حصے کو ہٹانے کے خلاف دائر درخواستیں مسترد کیں اور انتظامیہ کے مؤقف کو عوامی مفاد اور ٹریفک و زائرین کی سہولت سے جوڑا۔ عدالت کے سامنے انتظامیہ نے یہ بھی مؤقف اختیار کیا کہ اسی سڑک پر بعض دیگر مذہبی تعمیرات بھی ہٹائی گئی ہیں۔ اس لیے اجین کے واقعے کو محض مذہبی بنیاد پر ایک فیصلہ قرار دینا قانونی حقائق کو مکمل طور پر بیان نہیں کرتا۔ تاہم اس کے باوجود یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ تاریخی مذہبی عمارات کے تحفظ اور شہری ترقی کے تقاضوں میں ایسا توازن کیسے پیدا کیا جائے جس سے کسی مذہبی برادری کے جذبات اور تاریخی ورثے کو غیر ضروری نقصان نہ پہنچے۔ ستمبر کے آخر میں اجین میں اس معاملے پر کشیدگی بھی پیدا ہوئی اور پولیس و مظاہرین کے درمیان جھڑپ کی اطلاعات سامنے آئیں۔ بعد ازاں مسجد انتظامیہ اور شہری ادارے کے درمیان طے پانے والے انتظام کے تحت مسجد کے متاثرہ حصے کو ہٹانے کا عمل آگے بڑھا۔

اسی طرح اتر پردیش کے سہارنپور میں کلکٹریٹ کے احاطے میں واقع مسجد کو ستمبر میں منہدم کیا گیا۔ بھارتی حکام کے مطابق عدالت نے اسے سرکاری زمین پر غیر مجاز تعمیر قرار دیا تھا اور مسجد انتظامیہ کی اپیل مسترد ہونے کے بعد انتظامی کارروائی ہوئی۔ دوسری جانب مسجد کے منتظمین نے کارروائی کے طریقہ کار پر اعتراضات اٹھائے۔ یہ واقعہ اس بات کی مثال ہے کہ مذہبی عمارات کے معاملات میں قانونی ملکیت، انتظامی اختیار اور مذہبی جذبات ایک دوسرے سے کس قدر پیچیدہ انداز میں جڑ جاتے ہیں۔ یہاں اصل ضرورت یہی ہے کہ ایسے تمام معاملات میں شفاف قانونی عمل اختیار کیا جائے۔

خیبر پختونخوا میں امن و استحکام کے لیے آئینی راستے اور سیاسی مفاہمت وقت کی ضرورت

خیبر پختونخوا میں امن و امان، سیاسی کشیدگی اور صوبائی و وفاقی حکومت کے درمیان بڑھتے ہوئے اختلافات کے تناظر میں ایمرجنسی یا گورنر راج کے ممکنہ نفاذ سے متعلق مشاورت نے ملک کی سیاسی صورتحال کو ایک نئے مرحلے میں داخل کر دیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کے اجلاس میں صوبے کی صورتحال، امن و امان، دہشت گردی کے خطرات، سیاسی سرگرمیوں اور آئینی و قانونی پہلوؤں کا جائزہ لیا جانا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ معاملہ محض سیاسی اختلاف تک محدود نہیں رہا بلکہ اس کے ساتھ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور ریاستی اداروں کی ذمہ داریوں کا پہلو بھی جڑا ہوا ہے۔

تاہم موجودہ صورتحال میں سب سے اہم ضرورت یہ ہے کہ خیبر پختونخوا کے مستقبل سے متعلق ہر فیصلہ آئین، قانون، پارلیمانی روایت اور عوامی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جائے۔ کسی بھی غیر معمولی آئینی اقدام کا مقصد سیاسی محاذ آرائی کو بڑھانا نہیں بلکہ اگر حالات اس کے متقاضی ہوں تو امن، انتظامی استحکام اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہونا چاہیے۔ اسی طرح سیاسی جماعتوں پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے اختلافات کو جمہوری اور آئینی دائرے میں رکھتے ہوئے ایسے راستے تلاش کریں جن سے صوبے کے عوام کو مزید بے یقینی سے نجات مل سکے۔

وزیراعظم شہباز شریف اور اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال،

تجزیہ بی این پی

آئینی و قانونی معاملات، پارلیمانی امور اور اپوزیشن جماعتوں سے رابطوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس کی طلبی کے معاملے پر مشاورت بھی اس بات کی علامت ہے کہ موجودہ بحران کا ایک اہم راستہ پارلیمانی عمل ہی کے ذریعے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ جمہوری نظام میں پارلیمنٹ وہ فورم ہے جہاں مختلف سیاسی نقطہ ہائے نظر کو مکالمے کے ذریعے سامنے لایا اور اختلافات کو آئینی طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔

خیبر پختونخوا کے حوالے سے وفاقی سطح پر آرٹیکل 232 اور 234 سمیت مختلف آئینی پہلوؤں پر غور کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔ ایسے معاملات میں آئین کے تقاضوں کی مکمل پاسداری بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ غیر معمولی حالات کے لیے آئین میں موجود راستے اسی مقصد کے لیے ہیں کہ ریاست کسی سنگین بحران کی صورت میں قانونی دائرے میں رہتے ہوئے اقدام کر سکے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ کسی بھی آئینی اختیار کو سیاسی کشمکش کا ذریعہ بنانے کے بجائے اس کے بنیادی مقصد، یعنی عوام کے تحفظ اور ریاستی نظم و نسق کی بحالی، کو مقدم رکھا جائے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق خیبر پختونخوا کی موجودہ صورتحال کا بنیادی سوال یہ نہیں ہونا چاہیے کہ سیاسی طور پر کون سی جماعت فائدہ حاصل کرے گی، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ صوبے کے شہریوں کو امن، تحفظ اور بہتر انتظامی سہولیات کیسے فراہم کی جائیں۔ گزشتہ عرصے کے دوران دہشت گردی کے واقعات نے سیکیورٹی فورسز، پولیس اور عام شہریوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ ایسے ماحول میں سیاسی سرگرمیوں، احتجاج اور لانگ مارچ کے حق کے ساتھ ساتھ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کی ذمہ داری بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی۔

وفاقی وزراء کی جانب سے صوبائی حکومت پر دہشت گردی کے خلاف مؤثر اقدامات نہ کرنے اور وفاقی اداروں کے ساتھ مطلوبہ تعاون نہ کرنے کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے دہشت گردی میں اضافے اور امن و امان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ایمرجنسی کے آئینی آپشن پر غور کی بات کی ہے، جبکہ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے گورنر راج کے سوال کو قبل از وقت قرار دیتے ہوئے صوبائی حکومت کی گورننس پر تنقید کی ہے۔ یہ وفاقی حکومت کا مؤقف ہے جسے آئینی اور سیاسی تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔

دوسری جانب خیبر پختونخوا حکومت اور تحریک انصاف کی قیادت نے ان الزامات کو مسترد کیا ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے ایمرجنسی کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں ایسی صورتحال نہیں جس کی بنیاد پر ایمرجنسی نافذ کی جائے۔ ان کے مطابق لانگ مارچ سیاسی اور جمہوری حق ہے

منتخب حکومت کو بااختیار بنانے کیلئے ریاستی درجے کی بحالی ضروری ہے، علی محمد ساگر
اگر بی جے پی حقیقی طور پر ریاست کی بحالی کی حمایت کرتی ہے تو اسے اسمبلی میں واضح اور غیر مبہم موقف پیش کرنا چاہیے تھا، رکن اسمبلی

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں میں نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکرٹری اور سرینگر کے حلقے خانیار سے رکن اسمبلی علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ علاقے کی منتخب جمہوری حکومت کو مؤثر اختیارات کے ساتھ بااختیار بنانے، انتظامی جوابدہی کو یقینی بنانے اور اسے براہ راست عوام کے سامنے جوابدہ بنانے کے لیے ریاستی درجے کی بحالی ضروری ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق علی محمد ساگر نے ایک بیان میں کہا کہ موجودہ انتظامی انتظامات نے بیوروکریسی کو غیر معمولی اختیارات دے دیے ہیں، جس کے نتیجے میں بعض اوقات ایسے حالات پیدا ہوتے ہیں جب وہ منتخب حکومت اور منتخب اسمبلی کے فیصلوں پر اپنے خیالات کو فوقیت دینے کی کوشش کرتی نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں ریاست کی بحالی سے متعلق اسمبلی کی قرارداد کے بارے میں سینئر سرکاری عہدیداروں کے ذریعہ کئے گئے اعتراضات اور مواصلات، بشمول سابقہ اسمبلی کی قراردادوں کے حوالہ جات، سنگین تشویش کا باعث ہیں۔ عالی محمد ساگر نے کہا کہ یہ صورتحال اس بنیادی حقیقت کو اجاگر کرتی ہے کہ ریاست محض ایک انتظامی حیثیت نہیں ہے بلکہ جمہوری احتساب کا ایک اہم ذریعہ ہے۔

ٹرمپ نے عسکری امداد کی سمت یورپ اور مشرق وسطیٰ سے لاطینی امریکہ کی طرف موڑ دی
52 ملین ڈالر کی امداد کو چار ممالک کی طرف موڑنے کا فیصلہ کیا گیا، ڈیموکریٹک قانون سازوں کی عائد پابندی نظرانداز

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے یورپ اور مشرق وسطیٰ کے ممالک کے لیے مختص 52 ملین ڈالر کی عسکری امداد واپس لے لی ہے اور اسے لاطینی امریکہ کے چار ممالک کی طرف موڑنے کا فیصلہ کیا ہے، اس اقدام نے قانون سازوں کے منظور کردہ فنڈز کو تبدیل کرنے کے انتظامیہ کے اختیارات پر کانگریس کے ڈیموکریٹک رہنماؤں کے ساتھ تنازع کھڑا کر دیا ہے۔ امریکی اخبار نے تین امریکی حکام کے حوالے سے نقل کیا کہ انتظامیہ نے سلوواکیہ، شمالی مقدونیہ، تیونس اور عراق کے لیے مختص فنڈز کو پاناما، پیرو، ایکواڈور اور کولمبیا منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ڈیموکریٹک قانون سازوں نے اس اقدام پر روک لگا رکھی تھی۔ امریکی وزارت خارجہ نے گزشتہ ستمبر میں کانگریس کو امداد کی از سر نو تقسیم کی اپنی نیت سے آگاہ کیا تھا جس پر ڈیموکریٹک سینیٹر جین شاہین اور ڈیموکریٹک نمائندے گریگوری میکس نے اس کے رخ کی تبدیلی کے اعتراض میں فنڈز کی منتقلی پر روک لگا دی تھی۔ بدھ کو رات گئے ٹرمپ انتظامیہ نے کانگریس کو اطلاع دی کہ وہ روک کو نظرانداز کرتے ہوئے منتقلی کے عمل کو آگے بڑھائے گی۔ یہ ایک ایسا قدم ہے جو امریکی عسکری امداد کے انتظام اور بیرونی اخراجات کی ترجیحات پر انتظامیہ اور ڈیموکریٹک قیادت کے درمیان بڑھتے ہوئے تنازع کی عکاسی کر رہا ہے۔ سب سے نمایاں اعتراضات سلوواکیہ اور شمالی مقدونیہ کے لیے مختص فنڈز کی منتقلی پر ہیں۔

ایران کے پاس ایسا کوئی نہیں ہے جس سے مذاکرات کیے جائیں، ٹرمپ
ایران کے پاس بحریہ، فضائیہ، ریڈار یا طیارہ شکن دفاعی نظام موجود نہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر ایران کے ساتھ جنگ بہت جلد ختم ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے کہا کہ ایران جنگ بہت جلد، ممکنہ طور پر انتخابات کے فوراً بعد ختم ہو سکتی ہے، تاہم ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ امریکی ریاست الاباما کے ساحلی شہر موبائل میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے سوال اٹھایا کہ واشنگٹن تہران میں آخر کس سے مذاکرات کرے؟ ان کے پاس ایسا کوئی نہیں ہے۔

ادھمپور، سڑک کی خستہ حالی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ، ضلعی انتظامیہ کیخلاف نعرے لگائے
سڑک کی حالت انتہائی ابتر، گاڑیاں چلانا تو درکنار، پیدل چلنا بھی مشکل، اعلیٰ حکام فوری مرمت کروائیں، مظاہرین

جموں (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع ادھمپور میں لوگوں نے علاقے کی سڑک کی خستہ حالی کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق لوگوں نے جموں کو ادھمپور شاہراہ سے ملانے والی رہمبل علاقے کی زیر مرمت فلاتا روڈ کی انتہائی خستہ حالی کے خلاف محکمہ پبلک ورکس کے حکام کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ احتجاج کرنے والے مقامی افراد فلاتا کے مقام پر جمع ہوئے اور متعلقہ حکام کے ساتھ ساتھ ضلعی انتظامیہ کے خلاف نعرے لگائے۔ وہ سڑک کی فوری مرمت اور اس پر نئی تارکول بچھانے کا مطالبہ کر رہے تھے۔ مظاہرین نے کہا کہ سڑک کی حالت انتہائی ابتر ہے اور اس پر گاڑیاں چلانا تو درکنار، پیدل چلنا بھی مشکل ہے، لہٰذا اس کی فوری مرمت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ اعلیٰ حکام کو سڑک کی خراب حالت سے بارہا آگاہ کیا گیا، لیکن اس سلسلے میں کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ مظاہرین نے خبردار کیا کہ اگر حکام نے معاملہ کی طرف فوری توجہ نہ دی تو وہ اپنے احتجاج میں تیزی لائیں گے۔

حساس معلومات کے غلط استعمال پر اوپن اے آئی نے 3 محققین کو برطرف کر دیا
حساس اور ملکیتی معلومات کا تحفظ کمپنی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اوپن اے آئی

نیویارک (این این آئی) اوپن اے آئی نے کمپنی کی حساس اور خفیہ معلومات سے متعلق داخلی تحقیقات کے بعد سیفٹی ٹیم کے 3 محققین کو برطرف کر دیا۔ اوپن اے آئی کمپنی کے ترجمان کے مطابق تحقیقات میں ثابت ہوا ہے کہ تینوں ملازمین نے حساس معلومات کمپنی کے مقررہ طریقہ کار کے برخلاف استعمال اور شیئر کیں جو کمپنی پالیسی کی خلاف ورزی اور اعتماد کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے۔ برطرف کیے گئے ملازمین میں حسینین وانگ، ٹومیک کوربک اور میکنا بالیسی شامل ہیں۔

قومی نغمہ "وندے ماترم" تقسیم پسند مذہبی جنگی نغمہ ہے
نغمے میں ایک غالب برادری کی بالادستی کو آگے بڑھایا گیا ہے، سپریم کورٹ میں عرضداشت

نئی دہلی (این این آئی) سپریم کورٹ میں دائر ایک عرضداشت میں چھ بندوں پر مشتمل قومی نغمہ "وندے ماترم" کو تقسیم پسند مذہبی جنگی "نغمہ" قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ کسی مخصوص مذہب کی مخصوص دیویوں کے لیے فرقہ وارانہ دعا کو قومی نغمہ قرار دینے والے سرکاری احکام بنیادی مذہبی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ عرضداشت ریاست مہاراشٹر کی شیڈولڈ کاسٹ بدھ برادری سے تعلق رکھنے والے پھولے امبیڈکر وادی کی طرف سے دائر کی گئی ہے۔

اقوام متحدہ کے سربراہ کا ہارن آف افریقہ کے ممالک پر کشیدگی میں اضافے سے گریز پر زور

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے ہارن آف افریقہ کے ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے اقدامات سے گریز کریں جن سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھ سکتی ہے۔

اسرائیل کی پرواز میں پیش آیا واقعہ دہشت گردی ہے، متحدہ عرب امارات
واقعے کی تحقیقات جاری ہیں، کمپنی اس مرحلے پر مزید تبصرہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں، ذرائع

ابوظہبی (این این آئی) فلائی دبئی کی پرواز میں پیش آنے والے واقعے کی ابتدائی تحقیقات کے بعد متحدہ عرب امارات کے پراسیکیوٹر جنرل نے اسے دہشت گرد حملے کی کوشش قرار دیا ہے۔ متحدہ عرب امارات کی سرکاری خبر ایجنسی کے مطابق پراسیکیوٹر جنرل کا کہنا تھا کہ دبئی سے اسرائیل جانے والی فلائی دبئی کی پرواز کے معاون پائلٹ نے پرواز کے دوران کاک پٹ میں پائلٹ پر کلہاڑی سے حملہ کیا اور طیارے کا کنٹرول سنبھالنے کی کوشش کی۔

وینزویلا کے تیل میں پینٹاگون کی شراکت پر امریکی سینیٹرز کا اعتراض
سینیٹرز نے معاہدے کی مکمل دستاویزات اور قانونی و مالی جانچ کی تفصیلات طلب کرلیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینیٹ کے سینئر ڈیموکریٹس ارکان نے وینزویلا کے تیل کے شعبے میں محکمہ دفاع کی مجوزہ سرمایہ کاری کی قانونی حیثیت پر سوال اٹھا دیئے۔ سینیٹرز نے وزیر خارجہ مارکو روبیو، وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ اور وزیر توانائی کرس رائٹ سے معاہدے کی مکمل دستاویزات اور قانونی و مالی جانچ کی تفصیلات طلب کر لیں۔ مجوزہ منصوبے کے تحت امریکی حکومت کو وینزویلا کے تیل کے ذخائر سے منسلک ایک نجی توانائی کمپنی میں حصہ مل سکتا ہے۔

محمود احمد ساغر کا اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے نام خط، تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے کردار ادا کرنے کی اپیل
خط میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں متعارف کرائے گئے مختلف قانونی، انتظامی، اراضی اور ڈومیسائل سے متعلق اقدامات اور آبادی کے تناسب میں تبدیلی کی بھارتی کوششوں پر اظہار تشویش

اسلام آباد (این این آئی) جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی (ڈی ایف پی) نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس پر زور دیا ہے کہ وہ تنازعہ کشمیر پر دہائیوں سے جاری تعطل کو ختم کریں اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں پر مکمل عمل درآمد اور کشمیری عوام کی سیاسی امنگوں کو پورا کرنے کیلئے کوششیں تیز کریں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق "ڈی ایف پی" کے قائم مقام چیئرمین محمود احمد ساغر نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے نام لکھے گئے ایک خط میں کہا کہ یہ تنازعہ تقریباً آٹھ دہائیوں سے اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ہے لیکن یہ بدستور حل طلب ہے۔ جموں وکشمیر کا تنازع کوئی نیا یا محض دو طرفہ مسئلہ نہیں ہے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے اس کے حل کے لیے باضابطہ طور پر متعدد قراردادیں پاس کی ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ اقوام متحدہ کے کمیشن برائے ہندوستان اور پاکستان کی 13 اگست 1948 اور 5 جنوری 1949 کی قراردادوں میں بھی اس اصول کو تسلیم کیا گیا ہے کہ جموں و کشمیر کے مستقبل کا تعین اس کے عوام کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ مرضی سے ہوگا۔

معافی نہ مانگنے پر جنوبی کوریا کی یوکرین کو دھمکی
جنوبی کوریا کے ساتھ اہم شراکت داری برقرار رکھنے کے لیے کام جاری ہے، یوکرین کا ردعمل

کیف/سیول (این این آئی) جنوبی کوریا کے صدر لی جے میونگ نے جنگی قیدیوں کی منتقلی کا معاملہ عوامی سطح پر افشا کرنے پر یوکرین سے معافی کا مطالبہ کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ معافی نہ مانگنے کی صورت میں مزید اقدامات کیے جائیں گے۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق یوکرین اور جنوبی کوریا کے درمیان تنازع اس وقت پیدا ہوا جب یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شمالی کوریا کے 2 جنگی قیدیوں کو جنوبی کوریا منتقل کیے جانے کا انکشاف کیا۔

چوہدری لطیف اکبر کا بلامقابلہ کشمیر کونسل رکن منتخب ہونا سیاسی خدمات کا اعتراف ہے، سردار مختار احمد خان

مظفرآباد (این این آئی) ممبر قانون ساز اسمبلی و پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے چیف آرگنائزر سردار مختار احمد خان نے چوہدری لطیف اکبر کو بلا مقابلہ ممبر کشمیر کونسل منتخب ہونے پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

صدر ٹرمپ کی کابینہ کے اہم ارکان کی کیمپ ڈیوڈ میں خفیہ ملاقات
ایران جنگ کے اگلے مرحلے اور سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان یمن میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر غور

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ کی کابینہ کے اہم ارکان نے کیمپ ڈیوڈ میں خفیہ ملاقات کی۔ امریکی ٹی وی کے مطابق صدارتی قیام گاہ میں ہونے والے اجلاس کی سربراہی امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کی۔ امریکی میڈیا کے مطابق ملاقات میں صدر ٹرمپ کے اعلیٰ قومی سلامتی حکام نے ایران جنگ کے اگلے مرحلے اور سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان یمن میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر غور کیا۔ رپورٹ کے مطابق ملاقات میں وزیر خارجہ مارکو روبیو، وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

فرانس، ابتر تعلیمی نظام کیخلاف طلبہ کا احتجاج، 1747 گرفتار
پیر سے جاری احتجاج میں اب تک 5 ہزار سے زائد گرفتاریاں کی گئی ہیں، وزیر داخلہ

پیرس (این این آئی) فرانس میں ابتر تعلیمی نظام، اساتذہ کی کمی اور داخلہ پالیسی کے خلاف طلبہ کا احتجاج چھٹے روز بھی جاری ہے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق فرانس بھر میں جاری ہزاروں طلبہ کا احتجاج گزشتہ روز پرتشدد ہو گیا۔ پرتشدد احتجاجی مظاہروں کے دوران مشتعل طلبہ نے کوڑے دانوں کو آگ لگا دی، پولیس کی رکاوٹیں توڑ ڈالیں، سڑکوں پر توڑ پھوڑ کی، پولیس پر فائر کریکر پھینکے جبکہ کئی مقامات پر پولیس اور طلبہ مظاہرین کے درمیان جھڑپیں بھی ہوئیں۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب اے ڈی ایل آر صاحب تحصیل جھنگ

تصدیق انتقال وراثت موضع گھمالہ تحصیل و ضلع جھنگ ہر گاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی حال مشتاق احمد ولد خدا بخش کے وارثان میں سرداراں بی بی، خدا بخش والدین پہلے فوت شدہ، حمیداں بی بی بیوہ زندہ، اللہ دتہ پسر زندہ، محمد ارشد، محمد شہزاد، محمد ذیشان، محمد فرحان، نسرین کوثر، پروین کوثر، نادیہ کوثر پسران دختران زندہ ہیں محمد اشرف پسر پہلے فوت شدہ، نصرت کوثر بیوہ زندہ، حیدر علی، ماجدہ اشرف، حادیہ اشرف پسر دختران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کر دیا جائے گا

بعدالت جناب عاطف محمود گوندل صاحب تحصیلدار جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 58 واقع چک نمبر 448 تحصیل و ضلع جھنگ خالد محمود عرف خالد حسین بنام ساجد سلیم وغیرہ اخبار اشتہار بنام ساجد سلیم صادق عابد حسین فلک شیر پسران نصرت علی اقوام بھٹی مظہر حسین ولد محمد قوم سپال سرفراز خان ظہور احمد پسران کرم قوم لک مصطفیٰ محمد نواز رنواز پسران نور محمد اللہ دتہ ممتاز حسین اللہ یار گلشیر پسران احمد قوم بھٹی مبشر عمر بلال عمر صائم عمر پسران عمر دراز انجم قوم گھکانہ سکنائے چک نمبر 448 ج ب تحصیل و ضلع جھنگ مدعا علیہم بتقرر 5/10/2026 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کارروائی ہوگی

بعدالت جناب سکندر حیات صاحب نائب تحصیلدار صاحب جھنگ

درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 51/53 واقع موضع سلیانہ تحصیل و ضلع جھنگ مدعا منظور بنام کامران حیدر وغیرہ اخبار بنام کامران حیدر ولد عمران حیدر عبداللہ شہریار پسران ممتاز احمد محمد جاوید اقبال محمد احسان محمد عثمان پسران غلام قادر غلام محمد عرف گاماں ولد امیر اقوام سلیانہ سیال سکنائے موضع سلیانہ تحصیل و ضلع جھنگ مدعا علیہم بتقرر 5/10/2026 بوقت 9 بجے حاضر عدالت ہوں ورنہ یکطرفہ کارروائی ہو گی

Use Electricity Wisely for the Prosperity of the Country

FAISALABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY LIMITED

FESCO

PRE-QUALIFICATION OF CONSULTANTS/EXPRESSION OF INTEREST (EOI) THROUGH E-PADS (V 2.0).

1. FESCO invites Expressions of Interest (EOI) for providing consultancy services for System Augmentation Program HT/LT (DOP/ELR), SDGs / SAP, Village/ Rural Electrification and Deposit Work projects.
2. Following are the major components of the said projects.
   a) Technical and Financial Review and vetting of estimates prepared by Client.
   b) Control of issuance of material to the contractors as per estimates.
   c) Verification of materials installed at site and preparation of reconciliation statements.
   d) Monitoring of construction works with reference to the specification and standards laid down by the client.
   e) Submission of monthly progress reports.
   f) Assistance to be provided to the client in the acceptance of the completed projects
   g) Preparation of completion Reports.
3. The duration of consultancy will be initially for one year which is extendable subject to the satisfactory performance of the consultant / acceptance of the client.
4. Interested firms or Joint Ventures of local firms (comprising not more than four firms) if applicable, registered with Pakistan Engineering Council (PEC) and having experience in similar projects are invited to submit Expression of Interest (EOI) for the above assignment along with information requested through EOI documents.
5. The intention of this invitation is to prepare a short list of suitable consultants, from whom proposals will be requested. Final selection will depend on capability and capacity of the firm, in terms of specialized manpower, with skill and experience related to the project.
6. The EOI application form will be available on E-PADS.
7. The interested bidders may apply for Expression of Interest **on EPADS (V2.0)** under caption "Expression of Interest- System Augmentation Program HT/LT (DOP/ELR), SDGs / SAP Village/ Rural Electrification and Deposit Works projects".
8. **Bidders must register on EPADS (V2.0) and submit their electronic bids (EOI) through EPADS (V2.0) on or before 27.10.2026 (Tuesday) upto 12:15 PM and the same will be opened at 12:45 PM on the same day at the office of Chief Engineer (P&D) FESCO Faisalabad.**
9. The interested bidders should ensure that all submitted information is correct. Any proposal submitted may be dropped at any time up to award of work if considerable, omission/errors are found in the information submitted by the firm(s)/JV(s).
10. Any further query can be directed, if required to the office of Chief Engineer (P&D) FESCO Faisalabad Contact No. **041-9220179** or from the undersigned.
11. FESCO reserves all rights to reject/accept any or all proposals.

FESCO-64(2026) **Chief Engineer (P&D)** PID(L)882/26

Faisalabad Electric Supply Company (FESCO) Faisalabad. Ph. No. 041-9220179

Scanned with CamScanner

بقیہ نمبر 1

نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے تاجرین کی قیادت میں بہترین پرفارمنس دینے کی 100 فیصد کوشش کروں گا انہوں نے کہا کہ اس وقت چھوٹے تاجر مختلف ٹیکسوں کے زیرِ عتاب ہیں اور ان پر ٹیکسوں کی بھرمار ہے انشاءاللہ میرے دو سالہ دور میں ٹیکس نافذ کرنے والے اداروں سے مفید میٹنگز کریں گے اور انہیں تجاویز بھی دیں گے اور ان پر عمل درآمد بھی کروائیں گے اس موقع پر اولڈ گولڈ گروپ کے ممبران ملک ذوالفقار DSP حاجی عبدالحکیم شریف، شبیر ملک، منصور احمد اقبال، طارق محمود کھوکھر، عابد رشید گجر، محمد کامران خالد اور محمد نعیم نے نومنتخب صدر میاں محمد عظیم کو بلا مقابلہ کامیابی پر مبارکباد دی اور انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے ممبران نے توقع کا اظہار کیا کہ نومنتخب صدر ایف پی سی سی آئی کی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے چھوٹے تاجروں کے مسائل کو حل کروانے میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے ایف بی آر سمیت دیگر ٹیکس نافذ کرنے والے اداروں سے رابطہ کر کے چھوٹے دکانداروں کے مسائل کے حل کو یقینی بنانے میں بھرپور کردار ادا کرے گا۔

بقیہ نمبر 2

ایڈووکیٹ ہائی کورٹ، ایگزیکٹو ممبر حافظ اظہر محمود، ملک اسد منظور، محمد اعجاز، ذیشان مہدی، ظہور بٹ، عمران بیگ، رمیش رانی، حاجی اسلام، محمد ندیم، صائمہ اقبال، بتول زینب، آمنہ، اویس، عائشہ ندیم، تسنیم منیر جنجوعہ، ذوالفقار اور سمیرا بتول منتخب ہوئیں۔ منتخب ہونے والے عہدیداران سے چیف گیسٹ چوہدری محمد اشرف گجر نے حلف لیا اور عہدیداران میں نوٹیفیکیشن تقسیم کئے۔

چھوٹے تاجروں کے مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے

میاں محمد ندیم


اس موقع پر اولڈ از گولڈ گروپ کے ممبران ملک ذوالقرنین DSP' حاجی عبدالقیوم شریف' شبیر ملک' منصور احمد اقبال' طارق محمود کھوکھر' عابد رشید گجر و دیگر

ایف بی آر سمیت دیگر ٹیکس نافذ کرنے والے اداروں سے رابطہ کر کے چھوٹے دکانداروں کے مسائل کے حل کو یقینی بنانے میں بھرپور کردار ادا کرے گا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے نومنتخب صدر میاں محمد ندیم نے کہا ہے کہ میرے گروپ لیڈر میاں ظفر اقبال' بانی صدر چوہدری شفیق انجم' سابق صدر ملک محمد اشرف نے مجھ پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے میں ان کی امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے چھوٹے تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کروں گا اور چیمبر کے پلیٹ فارم سے اپنی سرگرمیوں سمیت دیگر معاملات میں محمد و معاون ثابت ہوں گا" ان خیالات کا اظہار انہوں نے مبارکباد دینے کیلئے آئے ہوئے اولڈ از گولڈ گروپ کے ممبران ملک ذوالقرنین DSP' حاجی عبدالقیوم شریف' شبیر ملک' منصور احمد اقبال' طارق محمود کھوکھر' عابد رشید گجر' محمد کامران خالد اور محمد نعیم سے کیا' میاں محمد ندیم نے کہا کہ اس مرتبہ مجھے مضبوط اور فعال ٹیم ملی ہے میرے سینئر نائب صدر شیخ خرم اشتیاق اور نائب صدر میاں تنویر میری مکمل رہنمائی کرنے کیلئے موجود ہیں' انہوں نے FCSTI کے تمام سابق صدور نے چھوٹے تاجروں کی بے پناہ خدمت کی اور ان کے ہرممکن مسائل حل کروائے' میں بھی اپنے پیش رو صدور کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

خواجہ آصف کی اطالوی وزیر دفاع سے ملاقات، دفاعی و فوجی تعاون پر بات چیت

ملاقاتی امن و سلامتی، اقوام متحدہ کے امن مشن اور عالمی دہشتگردی کیخلاف مشترکہ جدوجہد پر بھی اتفاق



روم (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اٹلی کے وزیر دفاع گوئیڈو کروسیٹو سے روم میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دفاعی، فوجی اور سیکیورٹی تعاون کے تمام پہلوؤں پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ دونوں ممالک نے تعاون کو مزید گہرا اور وسیع بنانے کا عزم ظاہر کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ملاقات میں علاقائی امن و سلامتی، اقوام متحدہ کے امن مشن اور عالمی دہشت گردی کے خلاف مشترکہ جدوجہد پر بھی اتفاق کیا۔ خواجہ آصف نے اطالوی وزیر دفاع کو پاکستان آنے کی دعوت دی جسے انہوں نے خوشی سے قبول کر لیا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

فیسکو میں ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا افتتاح

آج کے جدید دور میں بروقت، مستند اور موثر ابلاغ کسی بھی ادارے کی کارکردگی اور عوامی اعتماد کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے

ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو فیسکو اور اس کے صارفین کے درمیان رابطے کے ایک جدید اور فعال پلیٹ فارم کے طور پر کردار ادا کرے گا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کے وژن کے مطابق فیسکو کو جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرنے اور صارفین بجلی کو مستند اور بروقت معلومات کی فراہمی کے لیے ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب نے پبلک ریلیشنز ڈائریکٹوریٹ میں قائم ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر کمپنی سیکرٹری مظفر عباس، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سعید رضا، ڈپٹی ڈائریکٹر (اے اینڈ ایس) فراز احمد اور پی آر ڈائریکٹوریٹ کا عملہ بھی موجود تھا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب نے کہا کہ ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا قیام فیسکو کو جدید اور ماڈرن ٹیکنالوجی کی جانب گامزن کرنے کے سلسلے میں ایک اہم اور مثبت قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے جدید دور میں بروقت، مستند اور موثر ابلاغ کسی بھی ادارے کی کارکردگی اور عوامی اعتماد کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کے قیام سے فیسکو کی سرگرمیوں، مختلف ترقیاتی منصوبوں، جاری تعمیر و مرمت کے کاموں اور بجلی کی بندش کے شیڈول کو موثر انداز میں پہنچانے میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)



فیصل آباد۔ کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ سوشل سیکورٹی ہسپتال مدینہ ٹاؤن کا دورہ اور مریضوں سے گفتگو کر رہے ہیں

بہاولپور ضمنی الیکشن میں ن لیگ کی کامیابی عوامی اعتماد کا اظہار ہے

مریم نواز کے ترقیاتی منصوبوں سے عوام کو ریلیف مل رہا ہے، رانا اشفاق



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما رانا اشفاق احمد چاچو نے کہا کہ بہاولپور کے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی کامیابی عوام کی جانب سے وزیر اعظم میاں شہباز شریف، وزیر اعلی پنجاب مریم نواز اور قائد مسلم لیگ (ن) (میاں نواز شریف کی قیادت پر اعتماد کا اظہار ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے عوام کی فلاح و بہبود اور صوبے کی ترقی کے لیے متعدد منصوبے شروع اور مکمل کیے ہیں، جن کے مثبت اثرات عوام تک پہنچنا شروع ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

مارشل آرٹس ایسوسی ایشن کی جنرل کونسل، نئے عہدیداران منتخب

نئے عہدیداران نے چار سال کیلئے حلف اٹھایا، نوٹیفکیشن بھی تقسیم کیے گئے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد مارشل آرٹس ایسوسی ایشن کی جنرل کونسل کا اجلاس کریسنٹ سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوا جس میں دس سے زائد ایسوسی ایشنز کے نمائندوں نے چار سال کیلئے عہدیداران کا انتخاب کیا۔ سرپرست اعلی ڈاکٹر اظہار الحق، چیئرمین الصمام الحق، سینئر نائب صدر محمد عباس، وائس چیئرمین رؤف ناز، صدر حاجی محمد رفیع، سینئر نائب صدر رانا ارشد رحمن، حاجی محسن فاروق، غلام مصطفی، غلام شبیر، محمد ریاض، جنرل سیکرٹری اشتیاق ترابی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری علی عدنان، جوائنٹ و انفارمیشن سیکرٹری محمد عاطف نوی ملک، لیگل ایڈوائزر ملک مختار اعوان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

اسلام آباد میں کوئی سڑک بند نہیں کی گئی، شہریوں کے تحفظ کیلئے احتیاطی طور پر کنٹینرز رکھے گئے، وزارت اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات نے واضح کیا ہے کہ اسلام آباد میں کوئی سڑک بند نہیں کی گئی شہریوں کے تحفظ کیلئے احتیاطی طور پر کنٹینرز رکھے گئے۔ وزارت اطلاعات نے بیان میں کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کی ہدایات کی روشنی میں حفاظتی اقدامات کیے گئے۔

مدینہ منورہ گرڈ اسٹیشن پر ڈرون حملے کی شدید مذمت، موثر کارروائی کا مطالبہ

حرمین شریفین کے تحفظ اور امن و امان یقینی بنانے پر زور، مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ناظم اعلی مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان علامہ عبدالرشید حجازی، سرپرست اعلی مرکزیہ اسلام آباد حافظ مقصود احمد اور خالد محمود اعظم آبادی قاری محمد ارشد قاری بشیر احمد عزیزی چوہدری حبیب اللہ عطار مولانا بہادر علی سیف مولانا اکرام اللہ طور حافظ محمد اسحاق سلفی مولانا عبد الشکور کاظم حبیب الرحمن بٹ و دیگر نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کو بجلی فراہم کرنے والے گرڈ اسٹیشن پر حوثیوں کے ڈرون حملے کی سخت الفاظ میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



موجودہ وقت میں تجارتی سرگرمیوں کا فروغ اشد ضروری ہے' شیخ شکیل

گھنٹہ گھر سے ملحقہ کچہری بازار میں بیوٹی فکیشن کی تکمیل کے بعد کاروبار ٹھپ ہو چکا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) معروف سماجی اور کاروباری شخصیت شیخ شکیل پارا اور کچہری بازار کے دیگر تاجروں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ موجودہ وقت میں تجارتی سرگرمیوں کا فروغ اشد ضروری ہے گھنٹہ گھر سے ملحقہ کچہری بازار میں بیوٹی فکیشن کی تکمیل کے بعد کاروبار ٹھپ ہو چکا ہے دکانداران صبح سے رات تک فارغ بیٹھ کر گھروں کو چلے جاتے ہیں جس کے باعث گزر اوقات اور دکانوں کے کرایہ بجلی بلوں کی ادائیگی انتہائی مشکل ہو چکی ہے انہوں نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی طرف سے گھنٹہ گھر سے ملحقہ چار بازاروں کی خوبصورتی اور جاری تزئین و آرائش خوش آئند اقدام ہے۔

اتھرے ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر گولیاں مار کر دو افراد کو لہولہان کر دیا

فیصل آباد (آن لائن) اتھرے ڈاکوؤں نے لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر گولیاں مار کر دو افراد کو لہولہان کر دیا' مضروبان کو طبی امداد کی غرض سے ہسپتال داخل کروا دیا گیا۔ بتایا جاتا ہے کہ گارڈن محلہ کا حمزہ فاروق اپنے ساتھی شاہ زیب کے ہمراہ جھرہ روڈ پر حبیب (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)



پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

ملکی ٹیکسٹائل صنعت عالمی منڈیوں میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کر رہی ہے' محسن ایوب



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈائز اینڈ کیمیکلز ایسوسی ایشن فیصل آباد کے سابق سینئر نائب صدر وائس چیئرمین و ایگزیکٹو ممبر آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن پاکستان او چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبر میاں محسن ایوب نے کہا ہے کہ پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ ملکی ٹیکسٹائل صنعت عالمی منڈیوں میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کر رہی ہے، جبکہ یہ شعبہ ملکی معیشت اور برآمدات میں اہم کردار ادا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

چک نمبر 124 ر۔ب، ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق

فیصل آباد (آن لائن) چک نمبر 124 ر۔ب، ٹریفک حادثے میں موٹر سائیکل سوار جاں بحق۔ تفصیل کے مطابق چک نمبر 124/RB، پرویان لاداں پھاٹک کے قریب مزدا ڈالا (دودھ والا) نے موٹر سائیکل سوار کو ٹکر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

عشق مصطفی ﷺ دنیا کی سب سے بڑی دولت ہے

عشق مصطفی ﷺ کے پیغام کو عام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے' آصف قادری

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) عشق مصطفی ﷺ دنیا کی سب سے بڑی دولت ہے۔ عشق مصطفی ﷺ کے پیغام کو عام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نبی کریم ﷺ کی اطاعت کامیابیوں کا سرچشمہ ہے۔ مصطفوی تعلیمات کی پیروی میں ایمان کی حقیقی حلاوت کو پایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے مرکزی کوآرڈینیٹر و ممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری نے عثمان بلاک خیابان گارڈن میں منعقدہ "محفل ذکر حبیب خدا" میں شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد نئی نسل کے دلوں کو عشق مصطفی ﷺ سے منور کرنا ہے۔

پی ٹی آئی لانگ مارچ غیر مشروط طور پر منسوخ کرے، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ حکومت اور پاکستان تحریک انصاف کے درمیان مذاکرات میں مثبت پیش رفت ہوئی ہے، حکومت کی جانب سے مذاکرات میں لچک بھی نظر آ رہی ہے اور امید ہے کہ بات چیت کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

ویمن جی سی یونیورسٹی آتشزدگی کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ، محمد طاہر شیخ

7 سکوٹیاں اور بس جلنے پر تعلیمی اداروں میں سکیورٹی اقدامات یقینی بنانے پر زور



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل و ڈسٹرکٹ میڈیا کوآرڈینیٹر محمد طاہر شیخ نے ویمن جی سی یونیورسٹی مدینہ ٹاؤن میں واقعہ بجلی کے تاروں کی اسپارکنگ یا سکوٹی کی بیٹری پھٹنے سے رونما ہونے والی افسوسناک آتشزدگی کی تحقیقات کر کے رپورٹ منظر عام پر لائی جائے۔ پاکستان پیپلز پارٹی اور اہلیان فیصل آباد اس المناک رونما ہونے والے سانحے کی شدید مذمت کرتی ہیں۔ تعلیمی اداروں میں آگ بجھانے والے آلات نہ ہونے کی وجہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

مہنگائی کی وجہ سے ہر شہری مشکلات کا شکار ہے' سردار عامر حیات

ملک کا ہر طبقہ بڑھتے ہوئے معاشی بحران اور غربت کی وجہ سے ذہنی اذیت کا شکار ہو چکا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر پی پی 109 سردار عامر حیات سندھو نے کہا ہے کہ۔ مہنگائی کی وجہ سے ہر شہری مشکلات کا شکار ہے، بڑھتی ہوئی مہنگائی نے غریب سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی ہے حکومتی نا اہلی کی بدولت اعصاب شکن بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری غریبوں کے مالی استحصال کا سبب بن رہی ہے ملک کا ہر طبقہ بڑھتے ہوئے معاشی بحران اور غربت کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جانوں کی قربانی دے چکا ہے

ہمارا مشرقی ہمسایہ ہم پر سرحد پار مداخلت کے بے بنیاد الزامات عائد کرتا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق وفاقی مشیر ٹیکسٹائل اینڈ انڈسٹری و ایم این اے پی پی پی ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جانوں کی قربانی دے چکا ہے اور اربوں ڈالر کا نقصان برداشت کر چکا ہے۔ ہمارا پانی روکنا جنگی اقدام تصور ہوگا، پانی پاکستان کے عوام کی زندگی، زراعت اور معیشت سے براہ راست جڑا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کو معطل یا التوا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

مسلم لیگ ن کو غریب عوام کا احساس ہے' خلیل طاہر سندھو

پروگرام کے تحت مستحق شہریوں کو 273 ارب روپے کی رقم فراہم کرنے کا ہندسہ کامیابی سے عبور کر لیا گیا ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما ہیومن رائٹس ونگ پنجاب کے صدر سینیٹر سردار خلیل طاہر سندھو نے کہا ہے کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت نے رواں سال میں مزید 3 لاکھ سے زائد بے گھر خاندانوں کو اپنی چھت اپنا گھر سکیم کے تحت قرض فراہم کرنے کا اعلان کر کے ثابت کر دیا ہے کہ مسلم لیگ ن کو غریب عوام کا احساس ہے جبکہ پی ٹی آئی نے اپنے دور میں لاکھوں خاندانوں کو بے گھر کیا ڈیڑھ کروڑ لوگوں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے

مرزا انجم کمال

پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن کی ٹیمز نے بذریعہ پولیس ایپ چیکنگ مختلف مقدمات میں مطلوب 19 اشتہاری اور 13 عدالتی مفروران گرفتار کر کے حوالات منتقل کر دیا

پٹرولنگ پولیس نے فوری طور پر رسپانس دیتے 18 حادثات میں 31 افراد کو مدد جبکہ 05 افراد کو فوری طبی امداد جبکہ ہائی وے پر مشکل میں پھنسے 1996 افراد کو مدد فراہم کی گئی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) تفصیلات کے مطابق پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن کی ماہ جون کی کارکردگی رپورٹ پیش کی۔ جس کے مطابق پٹرولنگ پولیس فیصل آباد ریجن کی ٹیمز نے بذریعہ پولیس ایپ چیکنگ مختلف مقدمات میں مطلوب 19 اشتہاری اور 13 عدالتی مفروران گرفتار کر کے حوالات منتقل کر دیا جبکہ مختلف دفعات کے تحت 520 مقدمات کا اندراج کیا۔ جن میں 520 زائد ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار شدہ ملزمان سے ناجائز اسلحہ 30 عدد اور گولیاں و کارتوس برآمد کیے گئے۔ جبکہ امتناع منشیات کے 16 مقدمات کا اندراج کر کے 224.5 لیٹر شراب برآمد کی گئی۔ دوران چیکنگ 2460 موٹر سائیکل مشکوک و سرکہ شدہ ہونے کے باعث قبضہ پولیس میں لئے گئے۔ پٹرولنگ پولیس نے فوری طور پر رسپانس دیتے 18 حادثات میں 31 افراد کو مدد جبکہ 05 افراد کو فوری طبی امداد جبکہ ہائی وے پر مشکل میں پھنسے 1996 افراد کو مدد فراہم کی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ فرض شناسی کی مثال قائم کرتے ہوئے 06 گمشدہ بچوں کو اس کے اہل خانہ سے بھی ملا دیا گیا۔ باقی وہیز پر 52 عارضی و (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)



امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے

دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رہنی چاہئیں، چوہدری ارشد جٹ

بلوچستان و خیبر پختونخوا میں کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا کہ پاکستان کے امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا پاکستان پیپلز پارٹی اور عوام پاکستان کو سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی جرات و بہادری پر فخر ہے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے صوبائی رہنما پی پی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل نظام مصطفی ﷺ کے نفاذ میں ہے


ملک کے اندر فتنۃ الخوارج اور ملک دشمن عناصر کے خلاف اہلحدیث کے نوجوان حکومت پاکستان اور پاک فوج کے شانہ بشانہ ساتھ کھڑے ہیں

حرمین شریفین کی حرمت و تقدس کے تحفظ کیلئے امت مسلمہ متحد ہے اور اس کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) دنیا و آخرت میں کامیابی شافع محشر ﷺ کے عطا کردہ قرآن و سنت کے نظام کی بالادستی میں مضمر ہے فرقہ واریت، لاقانونیت، دہشت گردی اور معاشی بدحالی کا علاج شریعت اسلامیہ کے نفاذ کے ذریعے کیا جا سکتا ہے وطن عزیز میں خاتم النبیین صحابہ کرام اور شعائر اسلام کی توہین کرنے والوں کو ملکی قانون کے عین مطابق سزائیں دی جائیں ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہلحدیث و انجمن اہلحدیث و اہلحدیث یوتھ فورس شہر بازار سمندری کے زیر اہتمام فاروق اعظم گھنٹہ گھر چوک سمندری میں 62 ویں سالانہ عظیم الشان سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس میں پروفیسر ڈاکٹر حماد لکھوی، ناظم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

پنجاب بھر میں عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبتی جارہی ہے' عنایت شاہ

پراپرٹی ٹیکس میں بے تحاشا اضافہ ہرگز قبول نہیں خدارا عام شہریوں کے لئے آسانیاں پیدا کی جائے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی فیصل آباد کے ڈویژنل صدر و سابق ایم این اے سید عنایت علی شاہ نے کہا کہ پنجاب بھر میں عوام ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبتی جارہی ہے پراپرٹی ٹیکس میں بے تحاشا اضافہ ہرگز قبول نہیں خدارا عام شہریوں کے لئے آسانیاں پیدا کی جائے ن لیگ کی پنجاب حکومت عوام کو زندہ درگور کرنے پر تلی ہوئی ہے جو کہ افسوس ناک اور قابل مذمت بات ہے پراپرٹی ٹیکس میں بے تحاشا اضافہ پنجاب کے عوام اور تاجروں کے ساتھ ظلم ہے گزشتہ سال پراپرٹی ٹیکس میں 50 فیصد (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

معمولی جھگڑے پر دوست نے دوست کو چھریوں کے وار کر کے قتل کر دیا

ناخلف بیٹے کے ہاتھوں زخمی ہونے والی ماں ہسپتال میں چل بسی

فیصل آباد (آن لائن) معمولی جھگڑے پر دوست نے دوست کو چھریوں کے وار کر کے قتل کر دیا، ناخلف بیٹے کے ہاتھوں زخمی ہونے والی ماں ہسپتال میں چل بسی، بھائی کی حالت تشویشناک پولیس نے نعشیں قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر کے قاتلوں کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق جڑانوالہ کے علاقہ 65 گ ب کھن پورہ کا رہائشی اسلم ولد سردار اور اس کا دوست ملزم نعیم چائے کے ہوٹل میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے کہ کسی بات پر دونوں کے مابین تلخ کلامی ہو گئی تو ملزم نعیم نے چھریوں کے وار کر کے اسلم کو بری طرح زخمی کر دیا، جسے تشویشناک (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

اسلام آباد، شہریوں کو غیر قانونی حراست میں رکھنے پر 3 پولیس افسران ملازمت سے برطرف

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کے ڈی آئی جی پولیس علی وسیم نے اختیارات کے ناجائز استعمال اور شہری کو اس کے والد سمیت غیر قانونی حراست میں رکھنے پر تین پولیس افسران کو ملازمت سے برطرف کر دیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد کے مطابق معاملے کی محکمانہ انکوائری کی گئی۔



فیصل آباد: ویمن پولیس کی جانب سے بازیاب کروائے گئے تینوں بچے والدہ کے حوالے کیے جا رہے ہیں

دنیا کے لالچ میں صحیح دین کا بیان نہ کرنا درست عمل نہیں ہے' امیر عبدالقدیر اعوان

آج ہمارے لباس ہماری خوراک اور ہمارا رہن سہن اغیار جیسا ہو چکا ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) دنیا کے لالچ میں صحیح دین کا بیان نہ کرنا درست عمل نہیں ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان صاحب اختیار اپنے اختیار کے مطابق جوابدہ ہوگا۔ جھوٹی تعریف اور جھوٹی اناد دنیا سے ساتھ لے کر جانا عذاب کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ اور وہاں کوئی سفارش اس عذاب سے بچانے والی نہیں ہے۔ جسے اللہ نے دین کا علم عطا فرمایا ہے وہ اگر گول لپٹی بات کرے گا تو اس سے پوچھا جائے گا کہ تم نے اپنے لالچ کے لیے حق بیان نہ کیا اور لوگوں کو خوش کرتے رہے۔ آج ہمارے لباس ہماری خوراک اور ہمارا رہن سہن اغیار جیسا ہو چکا ہے ہم چاہتے ہیں ہم ان جیسے لگیں تو حشر بھی انہی کے ساتھ ہوگا۔

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی قیادت سے سینار اسپتال کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی قیادت سے سینار اسپتال کے وفد نے کوئٹہ پریس کلب میں ملاقات کی گزشتہ روز سینار اسپتال میں میڈیا ٹیموں کے ساتھ پیش آنے والے واقعے پر متاثرہ صحافیوں اور میڈیا ٹیموں سمیت بلوچستان یونین آف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)

وفاقی آئینی عدالت نے مونال کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا

سی ڈی اے اور میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی نظرثانی درخواستیں منظور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے مونال کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا، جسٹس حسن اظہر رضوی نے 44 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ تحریر کیا۔ تحریری فیصلے کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے سی ڈی اے اور میٹرو پولیٹن کارپوریشن کی نظرثانی درخواستیں منظور کر لیں، سپریم کورٹ کا 21 اگست 2024 کا فیصلہ بیان کردہ حدود تک کالعدم قرار دے دیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ کا سابقہ نظرثانی فیصلہ بھی برقرار نہیں رہ سکتا، مونال کیس میں عدالتی اختیار کی حدود تجاوز کرنے سے سنگین ناانصافی ہوئی۔

ایران کا حوثیوں سے اظہار لاتعلقی، عباس عراقچی نے حوثیوں پر حملوں کے بجائے سیاسی رابطوں کی تجویز دیدی

تہران (این این آئی) ایران نے حوثیوں پر حملوں کے بجائے سیاسی رابطوں کی تجویز دی ہے، جس پر حتمی فیصلہ وفاقی معاہدے کے تحت جی اسٹریٹجک پولیٹیکل اینڈ ڈیفنس کمیٹی کرے گی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایران نے حوثیوں سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا۔

پوری قوم کو اپنے بہادر سپوتوں پر فخر ہے' حاجی محمد عمران

ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران چنیوٹ بازار سرکلر روڈ کے صدر حاجی محمد عمران نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، دوست ممالک اور اتحادیوں کے تعاون سے امن و استحکام کے دشمنوں کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گروں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گروں کے مذموم عزائم ناکام بنائے ہیں۔ حاجی محمد عمران نے کامیاب آپریشنز میں حصہ لینے والے سکیورٹی فورسز کے افسران و جوانوں کو سلام پیش (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

غریب عوام معاشی بدحالی کا شکار ہے' سدرہ سعید بندیشہ

وفاقی حکومت پٹرول پمپوں پر لمبی قطاریں لگا کر عوام کی تذلیل کر رہی ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی ٹکٹ ہولڈر این اے 100 دعوامی خاتون لیڈر سدرہ سعید بندیشہ نے کہا ہے کہ غریب عوام معاشی بدحالی کا شکار ہے وفاقی حکومت پٹرول پمپوں پر لمبی قطاریں لگا کر عوام کی تذلیل کر رہی ہے ہفتے میں ایک بار موٹر سائیکل سوار کو 500 روپے اور کار سوار کو 1000 روپے کا ریلیف دینا اونٹ کے منہ میں زیرہ دینے کے مترادف ہے ہر پاکستانی کو ڈائریکٹ ریلیف دیا جائے تو کچھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

بلوچستان میں پانی کی دستیابی اور کسانوں کا مستقبل قومی ترجیح بنایا جائے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آبی وسائل کا موثر انتظام زراعت، روزگار اور صوبے کی پائیدار ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ پانی سے متعلق قانون سازی کیساتھ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

فیصل آباد چیمبر کے نئے عہدیداروں نے عہدوں کا چارج سنبھال لیا

چیمبر کا سٹاف اُن کی ٹیم ہے اور وہ ان کو ساتھ لیکر چیمبر، فیصل آباد شہر اور ملک کی خدمت کرنے کی ہر ممکن کوششیں کریں گے

نئے عہدیداروں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے، ہار پہنائے اور انہیں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلانے کے علاوہ اُن کی کامیابی کیلئے بھی دعائیں کیں

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نئے صدر عارف احسان ملک، سینئر نائب صدر میاں محمد سعید اور نائب صدر محمد تحسین نے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال لیا ہے۔ آج دن بھر انہیں مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھا رہا۔ انہوں نے نئے عہدیداروں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے، ہار پہنائے اور انہیں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلانے کے علاوہ اُن کی کامیابی کیلئے بھی دعائیں کیں۔ آج مبارکباد دینے کیلئے آنے والوں میں فیصل آباد ڈیری ایسوسی ایشن کے شبیر حسین چاولہ، پاکستان ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے اویس مختار، کاشف انجم، فیصل آباد ڈائز اینڈ کیمیکلز ایسوسی ایشن کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)



اپٹما فیصل آباد ریجن کے 10 ایگزیکٹو ممبران بلا مقابلہ منتخب

تمام امیدواروں کے کاغذات درست قرار پائے، انتخابات 28-2026 کے غیر حتمی نتائج کا اعلان

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) فیصل آباد ریجن کے انتخابات برائے سال 2026-2028 کے حوالے سے اپٹما الیکشن کمیشن 2026-2028 غلام جیلانی کی طرف سے اپٹما الیکشنز برائے ایگزیکٹو ممبران اپٹما فیصل آباد ریجن 2026 - 2028 کے انتخابات کے غیر سرکاری نتائج کا اعلان کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) فیصل آباد ریجن کے ایگزیکٹو ممبران کے انتخابات برائے سال 2026-2028 مکمل ہو گئے ہیں، ایگزیکٹو ممبران اپٹما فیصل آباد ریجن کی دس نشستوں پر صرف دس امیدواروں کے کاغذات نامزدگی داخل ہوئے۔



فیصل آباد: ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب پی آر ڈائریکٹوریٹ میں فیتہ کاٹ کر ڈیجیٹل میڈیا سٹوڈیو کا افتتاح کر رہے ہیں جبکہ دوسری طرف افتتاحی کیک کاٹا جا رہا ہے

Scanned with CamScanner